# تھوریکس سرجری کے انٹینسیو یونٹ کی پریزینٹیشن



# تھوریکس سرجری کا انٹینسیو یونٹ


اب ہم آپ کو تھوریکس سرجری کے انٹینسیو یونٹ میں بچوں کے وارڈ کا تعارف پیش کریں گے اور بتائیں گے کہ ہمارے یہاں آپ کیا دیکھنے کی توقع کر سکتے ہیں۔

پہلے آپ ایک فلم دیکھیں گے اور پھر آپ کو ہماری مشینوں/نگہداشت کے طریقوں کی تفصیل اور دوسری عملی معلومات ملیں گی۔



# وہ عملہ جس سے آپ ملیں گے

- یہاں قیام کے دوران سارا وقت انٹینسیو نرس آپ کے بچے کا خیال رکھے گی۔
- سرجن وہ ڈاکٹر ہے جو مریض کا خیال رکھنے کا ذمہ دار ہے، وہ آپریشن کے بعد معلومات دے گا اور قیام کے دوران خبرگیری کرے گا۔
- اس کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں کے ماہرین کا ایک بڑا گروپ بھی علاج میں شریک ہوتا ہے جیسے اینیستھیزیا سپیشلسٹ، دل کا ڈاکٹر، فزیوتھراپسٹ اور ایکسرے کا عملہ۔



# ایک عام انٹینسیو بستر



# مانیٹر سکرین

ہم مانیٹر سکرین پر دل کی
دھڑکن، بلڈ پریشر، درجۂ حرارت
اور آکسیجن کے انجذاب جیسی
معلومات دیکھتے ہیں۔



# ریسپیریٹر

- آپریشن کے بعد بچہ ایک ریسپیریٹر (سانس دلانے والی مشین) سے منسلک ہوتا ہے جس کی ٹیوب ناک یا منہ کے راستے پھیپھڑوں تک جاتی ہے۔
- مختلف بچوں کے لیے یہ مختلف ہوتا ہے کہ وہ کتنا عرصہ ریسپیریٹر پر رہیں گے یعنی چند گھنٹوں سے لے کر کئی دنوں تک۔
- کبھی کبھار نرس کو ٹیوب میں ایک پتلی سکشن ٹیوب ڈال کر بلغم نکالنی پڑتی ہے۔





# آکسیجن کی فراہمی

بچے کو ریسپیریٹر سے الگ کرنے کے بعد شروع کے دنوں میں اسے اضافی آکسیجن سپلائی یا سانس لینے کے لیے مدد کی ضرورت ہو گی۔

High-flow:



nCPAP:



# سرنج پمپس

سرنج پمپس سے لگاتار مختلف

دوائیاں جسم میں پہنچائی جاتی ہیں

جیسے درد کم کرنے کی اور بلڈ پریشر

درست رکھنے کی دوائیاں۔



# ڈرین

آپریشن کے بعد سینے میں پلاسٹک کی پتلی ٹیوب لگی ہوتی ہے جس سے زائد خون اور زخم سے رسنے والا پانی نکالا جاتا ہے۔

بالعموم سرجن آپریشن کے اگلے دن ڈرین نکال سکتا ہے۔







# آرٹیریل ٹیپ

بچے کے ہاتھ یا ران اور پیٹ کے درمیانی حصے کی شریان میں ایک باریک پلاسٹک کی ٹیوب لگائی جاتی ہے جس سے بلڈ پریشر کی مسلسل پیمائش ہوتی ہے۔ اس کے راستے خون کے نمونے بھی لیے جا سکتے ہیں لہذا بچے کو سوئی چبھونے کی ضرورت نہیں پڑتی۔



# CVK

بچے کی ایک بڑی خون کی رگ میں بھی ایک کیتھیٹر لگی ہوتی ہے جسے sentralt venekateter یعنی CVK کہتے ہیں۔ اس کے ذریعے ہم دوائیاں دے سکتے ہیں۔ اس کے ذریعے خون کے نمونے بھی لیے جا سکتے ہیں۔



# وریدی کینولا

وریدی کینولا کو ورید میں لگایا جاتا ہے جس کے ذریعے ہم دوائیاں دے سکتے ہیں۔ اسے جسم کے مختلف حصوں پر لگایا جا سکتا ہے جیسے ہاتھوں اور پیروں پر۔



# پیس میکر

کچھ بچوں کو آپریشن کے بعد ایک یا کئی پیس میکر کیبلز لگائی جاتی ہیں۔ ضرورت پڑنے پر انہیں ایک عارضی پیس میکر سے جوڑا جا سکتا ہے۔ عام طور پر آپریشن کے 7 سے 10 دن بعد کیبلز اتار دی جاتی ہیں۔






# غذا کی ٹیوب

بالعموم بچے کی ناک یا منہ کے راستے
ایک ٹیوب معدے تک پہنچائی جاتی
ہے جسے دوائیاں دینے کے لیے اور آگے
چل کر غذا دینے کے لیے استعمال کیا
جاتا ہے۔



# پیشاب کی کیتھیٹر

بچے کو پیشاب کی کیتھیٹر لگی ہوتی ہے

اور پیشاب ایک بیگ میں اکٹھا ہوتا ہے

جس کی مقدار ماپی جاتی ہے۔

ہم پیشاب کی کیتھیٹر سے درجۂ حرارت

بھی ماپ سکتے ہیں۔




# ای سی جی الیکٹروڈز

بچے کی جلد پر ای سی جی الیکٹروڈز چپکے ہوتے ہیں جن سے دل کی دھڑکن پر نظر رکھی جاتی ہے۔



# آکسیجن کی پیمائش



بچے کے ہاتھ یا پاؤں پر پلس آکسی میٹر لگا ہو گا جو آکسیجن کا انجذاب/ سیچوریشن ماپتا ہے۔

بچے کو سر پر اور شاید گردے کے اوپر بھی آکسیجن ماپنے والے دوسرے آلات بھی لگے ہو سکتے ہیں۔






# عملی معلومات

یہاں کچھ عملی معلومات دی جا رہی ہیں جو آپ کے لیے مفید ہونے کی توقع ہے۔ اگر یہاں قیام کے دوران آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو آپ کو سوال پوچھنے کی دعوت دے۔




# آپریشن کے بعد شروع کے چند گھنٹے

- آپریشن مکمل ہو جانے پر سرجن آپ کو فون کرے گا۔
- آپ کے بچے کی نگہداشت کے لیے بہت سے کام کیے جاتے ہیں اس لیے آپ کو اندر آ کر بچے کو دیکھنے کی اجازت ملنے میں کچھ وقت لگ سکتا ہے۔
- ہمارا مشورہ ہے کہ شروع کے عرصے میں آپ بچے کے پاس کم وقت کے لیے رکیں۔
- بچہ بالعموم اس عرصے میں سوتا رہے گا اور یہ اہم ہے کہ بچے کو غیر ضروری طور پر جگایا نہ جائے۔
- کوٹ وغیرہ مریض کے کمرے سے باہر اتاریں۔



# بچے سے ملنا

- ہماری ڈیوٹی کی شفٹوں میں ملاقاتوں کی اجازت نہیں ہے لیکن اس کے علاوہ باقی وقت آپ کو دعوت ہے کہ آپ جب چاہیں، اپنے بچے سے مل سکتے ہیں۔
- صبح کے وقت کئی مریضوں کے لیے ڈاکٹروں کے دوروں، آلات وغیرہ اتارنے، ایکسرے اور دوسرے معائنوں کی بہت مصروفیت ہوتی ہے لہذا ہماری درخواست ہے کہ آپ صبح 10 بجے کے بعد ملنے آئیں۔
- جب بچوں کے وارڈ کا دروازہ بند ہو تو آپ کو دروازے پر دستک دینی پڑے گی یا بچوں کے وارڈ کے عملے سے مدد مانگنی پڑے گی۔
- ممکن ہے آپ کو اپنے بچے یا دوسرے بچوں کے مختلف معائنوں کے دوران باہر انتظار کرنا پڑے۔ اچھا ہو گا کہ آپ شعبے کی راہداری میں زیادہ وقت نہ رکیں۔ انتظار کے لیے الگ حصے مخصوص ہیں۔
- ہم والدین کو رات کو سونے کی ترغیب دیتے ہیں۔ آپ دن اور رات کو کسی بھی وقت فون کر سکتے ہیں اور اپنے بچے کی نگھداشت کرنے والی انٹینسیو نرس سے بات کر کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو شعبے میں بلانے کی ضرورت ہوئی تو ہم آپ سے رابطہ کریں گے۔


Oslo universitetssykehus

THORAXKIRURGISK INTENSIV 1
HJERTE-LUNGE-KAR KLINIKKEN
RIKSHOSPITALET

Telefon base: 23 07 37 03

TELEFON NR PAS ROM: ..................

Besøkstider: 10.00-14.30,
15-30-22.00

Telefon sentralbord: 23 07 00 00
Besøksadresse: Sognsvannsveien 20
Postadresse: 0027 OSLO
www.oslo-universitetssykehus.no

# بچے سے ملنا



- ہم کم سے کم ملاقاتیوں کی آمد چاہتے ہیں، بہتر ہے که صرف والدین/نگہداشت کے ذمہ دار لوگ آئیں۔
- اگر بہن بھائیوں کو بچے سے ملنا ہو تو پہلے شعبے سے بات کریں۔
- انفیکشن سے بچاؤ کے جو اقدامات عمل میں ہوں، ان کے مطابق ملاقاتوں کا معمول بدل سکتا ہے۔
- بچے کے آس پاس اچھا حفظان صحت اہم ہے لہذا موبائل فون وغیرہ پکڑنے کے بعد بچے کو چھونے سے پہلے ہاتھوں کی مکمل صفائی ضروری ہے۔

# رات گزارنا



انٹینسیو یونٹ میں یہ ممکن نہیں ہے کہ والدین بچے کے ساتھ رات گزاریں لہذا آپ کو ہسپتال سے ملحقہ اس عمارت میں ایک کمرہ ملے گا جو والدین کے رات گزارنے کے لیے ہے۔

# کھانے کے واؤچرز

ہمارے شعبے میں باورچی خانہ نہیں ہے اس لیے والدین کو سٹاف کینٹین میں استعمال کے لیے کھانے کے واؤچرز ملیں گے۔

Oslo universitetssykehus
Rikshospitalet

**Rekvisisjon foreldremat**

**MIDDAG**

**Thoraxkirurgisk intensivenhet**

**Navn:** ..........................................................................

Rekvisisjonen gjelder for overstående person for ett måltid kjøpt ved personalkantinen RH – HF.

Rekvisisjonen dekker kostnader til måltid inntil fastsatt sum:

**Middag: kr: 60,-** sønd – og helligdag inntil kr: 70,-

(Kostnader til aviser, sjokolade og lignende, dekkes ikke av denne rekvisisjonen).

Kostnaden belastes Thoraxkirurgisk intensivenhet kostnadssted: **120101.**

Dato: .......................Sign:............................
Sykepleier

**Stempel:**

# آپ کے توجہ دینے کا شکریہ!




تھوریکس سرجری کے انٹینسیو یونٹ میں ”Barnegruppa“ دل کے مریض بچوں کے لیے Lasselitens fond کی اعانت سے مرتّب کیا۔